مقالہ نویسی

پہلی انٹرنیشنل کانفرنس

مذہبی تعلیم کے ارتقاء میں سائبر اسپیس کا کردار اور مواقع

۱۹، ۲۰۱۷/۱۰/۲۰

(دنیا کی سات زندہ زبانوں میں؛ فارسی، عربی، انگریزی، فرانسیسی، اردو، ترکی استانبولی اور ترکی آذری)

المصطفی اوپن یونیورسٹی کی جانب سے دینی معارف کی تعلیم میں فاصلاتي و مجازی طریقہ تعلیم کی اہمیت اور کردار کے حوالے سے ۱۹، ۲۰۱۷/۱۰/۲۰ کو پہلی بین الاقوامی کانفرنس [مذہبی تعلیم کے ارتقاء میں سائبر ٹیکنالوجی کا کردار اور مواقع] کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ تمام اساتید، طلباء، محققین اور اس موضوع میں دلچسپی رکھنے والے افراد کو دعوت دی جاتي ہے کہ اپنے مقالات کا خلاصہ ۲۰۱۷/۰۶/۲۰ تك ارسال فرمادیں۔

ویب سائٹ: www.hamayesh.miu.ac.ir/cyberspace

کانفرنس سیکرٹریٹ ایمیل: icm@ou.miu.ac.ir

موضوعات

- ❖ سائبر اسپیس میں موجود تعلیمی مواقع
- ❖ تقریب مذاہب اور ادیان کے درمیان مکالمہ میں سائبر اسپیس کا کردار
- ❖ مختلف ادیان کے پیروکاروں کے درمیان مسالمت آمیز زندگی کے فروغ اور تقویت میں سائبر اسپیس کا کردار
- ❖ دینی طلباء پر فاصلاتی و مجازی تعلیم کے تہذیبی و ثقافتی اثرات
- ❖ سائبر اسپیس میں دینی تعلیم کی موجودہ صورتحال کا جائزہ
- ❖ فاصلاتی و مجازی تعلیم میں حکومتوں اور دینی اداروں کا کردار
- ❖ سائبر اسپیس کے ذریعہ دینی تعلیم اور مذہبی شعور کے ارتقاء میں این جی اوز کا کردار
- ❖ فاصلاتی و مجازی دینی تعلیم کی ادارہ جاتی اور ترقیاتی حکمت عملی
- ❖ دینی تعلیم کے ارتقاء میں فاصلاتی و مجازی اور مروجہ طریقہ تعلیم کے ایک دوسرے پر اثرات
- ❖ فاصلاتی و مجازی تعلیم کے ذریعہ دینی سطح کے ارتقاء کو جانچنے کی روشیں
- ❖ کمیونیکیشن کے جدید وسائل کے ذریعہ دینی معارف کی تعلیم، مواقع اور چیلنجز
- ❖ فاصلاتی و مجازی دینی تعلیم کے ارتقاء میں دینی معارف کے امتیازات
- ❖ فاصلاتی و مجازی تعلیم میں ڈیٹا بینک، ڈیجیٹل لائبریری وغیرہ جیسے وسائل کے اثرات کا جائزہ
- ❖ سائبر اسپیس میں تربیتی اور تحقیقاتی بنیادوں پر استوار تعلیمی ماڈلز
- ❖ فاصلاتی و مجازی دینی تعلیم میں حاصل ہونے والی جدید ترین کامیابیاں
- ❖ فاصلاتی و مجازی دینی تعلیم کے ارتقاء میں جدید ٹیکنالوجی کا کردار
- ❖ فاصلاتی و مجازی دینی تعلیم کے لیے فیوچر اسٹڈیز

❖ اس کے علاوہ ہر وہ عنوان جو کانفرنس کے موضوع کے ساتھ مطابقت رکھتا ہو

رجسٹریشن اور مقالات ارسال کرنے کا طریقہ

برائے مہربانی کانفرنس کی ویب سائٹ پر نام کے اندراج کے بعد ساڑھے تین سو کلمات (۳۵۰) پر مشتمل مقالے کا خلاصہ اور دو سو (۲۰۰) کلمات پر مشتمل سی وی (تعلیمی قابلیت، پیشہ اور تعلیمی و تحقیقی مصروفیات) تعیین شدہ وقت سے پہلے ارسال فرمائیں۔ مقالات درج ذیل سات زبانوں میں ارسال کیے جاسکتے ہیں: فارسی، عربی، اردو، انگریزی، فرانسیسی، ترکی استانبولی، ترکی آذری۔کانفرنس کے دوران مقالات صرف فارسی اور انگریزی زبان میں پیش کیے جائیں گے۔مقالہ پیش کرنے کے لیے ۲۰ منٹ اور سوالات کے لیے ۱۰ منٹ کا وقت دیا جائے گا۔مقالات پہلے کسی جگہ شائع نہ ہوچکے ہوں۔ ضروری اخراجات کے ساتھ علمی و تحقیقاتي جرائد میں مقالات کی اشاعت کی سہولت موجود ہے۔

اسکالرشپ

المصطفی اوپن یونیورسٹی پوزیشن حاصل کرنے والے دس مقالات کے مصنفین کو کانفرنس میں شرکت کے لیے اسکالرشپ دے گی۔اسکالرشپ حاصل کرنے والے افراد درج ذیل سہولیات سے بہرہ مند ہونگے؛ بائی ایئر ریٹرن ٹکٹ (اکانومی کلاس)، تھری اسٹار ہوٹل میں قیام، المصطفی انٹرنیشنل یونیورسٹی کے میس میں طعام، ایئرپورٹ سے قم آنے جانے کے لیے گاڑی کا انتظام۔ متعلقہ کمیٹی کی جانب سے مقالات کے تجزیہ کے بعد کانفرنس سیکرٹریٹ پوزیشن حاصل کرنے والے مقالات کی فہرست جاری کرے گا۔

کانفرنس میں شرکت کی فیس

۲۰۱۷/۰۹/۲۰ء تک ادائیگی	۲۰۱۷/۰۷/۳۰ء تک ادائیگی	شرکاء		نمبر شمار
۵۰ ڈالر	۴۰ ڈالر	المصطفیٰ اوپن یونیورسٹی کے طلباء	طلباء	۱
۹۰ ڈالر	۷۰ ڈالر	جامعہ المصطفیٰ العالمیہ کے طلباء		
۱۲۰ ڈالر	۱۰۰ ڈالر	دیگر تعلیمی مراکز کے طلباء		
۱۱۰ ڈالر	۹۰ ڈالر	جامعہ المصطفیٰ کے اساتذہ اور اسٹاف	غیر طلباء	۲
۱۱۰ ڈالر	۹۰ ڈالر	المصطفیٰ اوپن یونیورسٹی کے شارٹ کورسز کے شرکاء		
۱۲۰ ڈالر	۱۰۰ ڈالر	دیگر اداروں کا اکیڈمک اسٹاف		
۱۳۵ ڈالر	۱۱۰ ڈالر	دیگر خواہشمند		

۳	مقالہ کے بغیر کانفرنس میں شرکت کے خواہشمند	۷۰ ڈالر	۹۰ ڈالر
۴	ارسال مقالہ کے ساتھ غیر حضوری طور پر کانفرنس میں شرکت کے خواہشمند	۵۰ ڈالر	۶۰ ڈالر
۵	مقالہ کے بغیر غیر حضوری طور پر کانفرنس میں شرکت کے خواہشمند (کانفرنس میں شرکت کی سند)	۳۰ ڈالر	۴۰ ڈالر

کسی مقالہ کے ایک سے زیادہ مصنفین ہونے کی صورت میں مندرجہ بالا مبلغ میں ہر فرد کے لحاظ سے ساٹھ ہزار تومان اضافہ وصول کیے جائیں گے۔ مقالات کی رقم مقالہ کے خلاصہ کے قابل قبول ہونے اور نتائج کے اعلان کے بعد وصول کی جائے گی لہذا مقالات کے ارسال یا رجسٹریشن کے دوران رقم ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

رجسٹریشن کرنے والے افراد کے لیے یونیورسٹی کی طرف سے سہولیات

۱۔ کانفرنس میں حضوری طور پر شرکت کے خواہشمند

- ✓ کانفرنس میں پیش کیے جانے والے مقالات کا تجزیہ

- ✓ ائیرپورٹ سے قم المقدسہ آنے جانے کا انتظام (۱۰۰ کلو میٹر)
- ✓ کانفرنس اور علمی نشستوں میں شرکت کے لیے کارڈ کا اجراء
- ✓ دو دن لنچ کا انتظام
- ✓ کانفرنس کے دوران ریفرشمنٹ کا انتظام
- ✓ کانفرنس میں پیش ہونے والے مقالات کی **CD**
- ✓ کانفرنس میں شرکت کی سند
- ✓ کانفرنس کے علمی و تہذیبی پیکج کا گفٹ

۲۔غیر حضوری طور پر شرکت کے خواہشمند

- ✓ کانفرنس میں پیش ہونے والے مقالات کا تجزیہ
- ✓ کانفرنس میں پیش ہونے والے مقالات کی ای کاپی
- ✓ کانفرنس میں شرکت کی سند

کانفرنس کلینڈر

مقالات کا خلاصہ ارسال کرنے کی آخری تاریخ ؛ ۲۰۱۷/۰۶/۲۰ء

مقالات ارسال کرنے کی آخری تاریخ ؛ ۲۰۱۷/۰۹/۲۱ء

کانفرنس میں شرکت کے نام اندراج کروانے کی آخری تاریخ ؛ ۲۰۱۷/۰۹/۳۰ء

کانفرنس کے انعقاد کی تاریخ ؛ ۱۹، ۲۰۱۷/۱۰/۲۰ء

دعوت

ان تمام تعلیمی اداروں کو جو اس کانفرنس کے بہتر انعقاد اور علمی تعاون میں دلچسپی رکھتے ہیں المصطفی اوپن یونیورسٹی کی جانب سے دعوت دی جاتي ہے کہ باہمی تعاون پر مبنی معاہدے کے تحت کانفرنس کی علمی سطح کے ارتقاء میں مدد فرمائیں۔ کانفرنس سیکرٹریٹ علمی مراکز کی جانب سے پیش کی جانے والے آراء و تجاویز کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔